SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

December 15, 2020

**ایس ای سی پی نے نومبر میں 1956 نئ کمپنیاں رجسٹرڈ کیں، 41 فیصد اضافہ**

اسلام آباد، (دسمبر 15): سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے نومبر میں 1956 نئ کمپنیاں رجسٹر ہوئیں جو کہ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 41 فیصد زائد ہیں۔ نومبر میں 99 فیصد کمپنیاں آن لائن رجسٹریشن ہوئیں جبکہ 30 فیصد کمپنوں کی رجسٹریشن ایک ہی دن میں مکمل ہوئی۔

نومبر میں رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں 71 فی صد پرائیویٹ لمیٹڈ، 26 فی صد سنگل ممبر جبکہ باقی تین فی صد میں پبلک ان لسٹڈ، غیر منافع بخش ایسوسی ایشن، ٹریڈ آرگنائزیشن، غیر ملکی کمپنیز اور لمیٹڈ لائیبلیٹی پارٹنر شپ شامل ہیں۔

اس مدت میں سب سے زیادہ کمپنیاں تجارت کے شعبے میں رجسٹرڈ ہوئیں جن کی تعداد 319 ہے، انفرمیشن ٹیکنالوجی میں 230, تعمیرات میں 209، سروسز میں 198، رئیل سٹیٹ میں 139، کارپوریٹ ایگریکلچر فارمنگ، فوڈ اینڈ بیوریج میں 74، ای کامرس میں 73، انجنئیرنگ میں 60، سیاحت میں 51، ایجوکیشن میں 48، ادویہ سازی میں 47، مارکیٹ اینڈ ڈیلوپمنٹ میں 43، ٹیکسٹائل میں 40، ٹرانسپورٹ میں 35، کیمیکل میں 33, ہیلتھ کیئر میں 31، آٹو اینڈ الائیڈ میں 27، فیول اینڈ انرجی اور کان کنی میں 23، لاگنگ (کندہ کشی) میں 22، کاسمیٹک اینڈ ٹائلیر ٹیز میں 21، کمیونیکیشن میں 17، براڈ کاسٹنگ اور ٹیلی کاسٹنگ میں 16، بجلی کی پیداوار میں 14، کیبلز اینڈ الیکٹرک گڈز، سٹیل اینڈ الائیڈ میں 12، جبکہ بقیہ 65 کمپنیاں دیگر شعبوں میں رجسٹر ہوئیں۔
علاوہ ازیں، 34 نئ کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی۔ ان کمپنیوں کے سرمایہ کاروں کا تعلق آسٹریلیا، چین، جرمنی، ایران، اٹلی، قزاقستان، جنوبی کوریا، لبنان، موزمبیق، نیدرلینڈ، روس، سپین، سوئزرلینڈ، شام، ترکی، متحدہ عرب امارات، برطانیہ اور امریکہ سے ہے۔
سب سے زیادہ کمپنیاں اسلام آباد میں رجسٹرڈ ہوئی جن کی تعداد 628 ہے اس کے بعد بالترتیب لاہور اور کراچی میں 625 اور 349 کمپنیاں رجسٹرڈ کی گئیں۔ ایس ای سی پی کے کمپنی رجسٹریشن آفس پشاور، ملتان، فیصل آباد، گلگت بلتستان، کوئٹہ اور سکھر میں بالترتیب 127,109,64,27,22, اور 5 کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005